# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت چہارم کی کتاب، گتے کا ڈبا، چارٹ پیپر، الفاظ کی پرچیاں، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- نظم سے متعلق بچوں سے سوالات پوچھیں۔
- نعت کسے کہتے ہیں؟ اس نظم کے شاعر کا نام بتائیں۔
- بچوں کی آمادگی کے لیے نعت کے مختلف شعر متفرق بچوں سے پڑھوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (22 منٹ)

- ایک گتے کا ڈبا لیں اور اس پر چارٹ پیپر چڑھائیں اب اس پر مختلف رنگوں کے چارٹ پیپرز کی فرضی جیبیں بنا لیں۔
- جماعت میں بچوں کے چھے گروہ بنا لیں۔
- بورڈ پر سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعے لکھیں ہر جیب میں سوال نمبر 2 میں دیے گئے الفاظ کی پرچیاں بنا کر ڈالیں۔
- اب گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے میز پر ڈبا اس طرح لڑھکانے کے لیے کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- جو جیب اوپر آئے گی، بچہ اس میں سے پرچی نکالے اور اپنے گروہ کے پاس چلا جائے۔
- اسی طرح باقی پانچ گروہ سے بھی بچوں کو بلائیں اور ان کی پرچیاں نکلوائیں۔
- اب انھیں پرچی میں دیے گئے لفظ کو پڑھنے اور اسے کس مصرعے میں لگنا چاہیے؟ یہ سوچنے کے لیے وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد پہلا مصرع بلند آواز سے پڑھیں اور اس میں آنے والے الفاظ کی پرچی جس گروہ کے پاس ہو گی اس کے لیڈر کو بورڈ پر بلائیں اور مصرع مکمل کروائیں۔
- درست لفظ لگانے اور مصرع مکمل کرنے پر گروہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اسی طرح باقی مصرع پڑھیں اور درست الفاظ کی مدد سے مکمل کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر سب بچوں کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 3 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے دونوں کالموں میں موجود مصرعوں پر مشتمل پرچیاں تیار کر لیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنا لیں دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- گروہ 'الف' کو کالم الف پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- گروہ 'ب' کو کالم ب پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔

- اب کالم الف کے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک پرچی کھول کر اس میں موجود مصرع اور بلند آواز سے پڑھیں۔
- اس کے جواب میں اس شعر کا دوسرا مصرع گروپ 'ب' کے جس بچے کے پاس موجود ہے وہ کھڑا ہو جائے اور مصرع پڑھ کر شعر مکمل کرے۔ اسی طرح تمام مصرعوں سے اشعار کی تکمیل کروائیں۔
- اس سر گرمی کے بعد بچوں سے کتاب کا کام مکمل کروائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر نامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام (2 منٹ):** ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**کالم الف کو کالم ب سے ملا کر اشعار مکمل کریں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا | ادھر سے اُدھر پھر گیا رُخ ہوا کا |
| عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا | کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا |
| خطا کار سے در گزر کرنے والا | وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا |
| مس خام کو جس نے کندن بنایا | پلٹ دی بس اک آن میں اس کی آیا |
| رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا | بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** گفتگو اور تقریر کے مابین فرق کر سکیں۔

الف بائی ترتیب سے الفاظ کے معانی لغت سے تلاش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹ ز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- کسی گروہ میں سے دو بچوں کو بلائیں۔ انھیں ہدایت دیں کہ نعت درست تلفظ لے اور آہنگ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران میں بچے جن الفاظ کا تلفظ ادا کریں۔ وہ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- جب ایک گروہ کے بچے نعت سنا لیں تو پھر دوسرے گروہ کے بچوں کو موقع دیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کا درست تلفظ بتائیں۔
- تمام بچوں کو نعت کا خاموشی سے مطالعہ کروائیں اور پھر اس میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ کی جو خوبیاں بیان کی گئی ہیں ان سے متعلق آپس میں بات چیت کریں۔
- سوال نمبر 4 میں پوچھے گئے سوالات پر بچوں سے گفتگو کریں۔
- اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے سوال کا جواب دیتے ہوئے درست لب و لہجے کا استعمال کریں۔
- بات چیت کے دوران بچوں کو گفتگو اور تقریر کے مابین پایا جانے والا فرق بھی واضح کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں حروف یا الفاظ کو ترتیب سے لکھنا، الف بائی ترتیب کہلاتا ہے۔
- انھیں بتائیں آج ہم الف بائی ترتیب سے الفاظ کو لکھنا اور نعت میں ان کا مطلب تلاش کرنا سیکھیں گے۔
- بورڈ پر چند الفاظ لکھیں جیسے کاغذ، جہاز، تاثیر، بیان، شامل۔
- اب بورڈ پر لکھے ان الفاظ کو خود الف بائی ترتیب کے مطابق نمبر لگائیں۔
- ان کی الف بائی ترتیب یہ ہو گی۔ بیان، تاثیر، جہاز، شامل، کاغذ۔
- انھیں مزید بتائیں کہ اگر دو یا تین الفاظ ایک ہی حرف سے شروع ہوں تو ان الفاظ کو دوسرے حرف کے مطابق ترتیب دیا جائے گا جیسی الم، انا، افواہ میں افواہ، الم اور انا درست الف بائی ترتیب ہو گی۔

| |
|---|
| • بچوں کو بتائیں لغت میں الفاظ حروف کی الف بائی ترتیب سے لکھے ہوتے ہیں۔<br>• بچوں کو لغت دکھائیں۔<br>• بتائیں کہ لغت ایک کونے میں حرف لکھا ہوتا ہے جس سے شروع ہونے والے الفاظ اس صفحے پر موجود ہوتے ہیں۔اس حرف کے ساتھ دوسرا حرف میں لکھا جاتا ہے تاکہ مطلوبہ لفظ تلاش کرنے میں آسانی ہو۔<br>• الف بائی ترتیب اور لغت کے تصور دینے کے بعد جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنائیں اور انھیں دو لغات دیں۔<br>• سوال نمبر 7 کے تحت دیئے گئے الفاظ پر مشتمل شیٹیں دونوں گروہوں کو ایک،ایک کر کے دیں۔<br>• شیٹ پر الفاظ اور ان کے آگے معانی اور الف بائی ترتیب لکھنے کی جگہ موجود ہو۔<br>• سرگرمی کرنے کے لئے مقررہ وقت دیں۔<br>• مخصوص وقت کے بعد دونوں گروہوں کو اپنی اپنی شیٹ بورڈ پر چسپاں کرنے کے لئے کہیں۔<br>• معانی اور ترتیب چیک کریں اور درست کام کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر الفاظ لکھیں اور بچوں سے ان کی الف بائی ترتیب پوچھیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** عددی ترتیب کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

مرکب جملے بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ جملوں کی پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے سبق میں آمادگی کے لیے متفرق بچوں سے نعت کے دو، تین اشعار کی بلند خوانی کرائیں۔
- اس کے بعد تمام بچوں کو دائرے میں بٹھا دیں اور خاموشی سے 'نعت' کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- مطالعہ مکمل کر کے بچے اس کے اہم نکات کو اپنے ساتھ بیٹھے بچے کو سنائیں اور اس کے اہم نکات سنیں۔
- جماعت کے سامنے متفرق بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا اپنا مرکزی خیال سنانے کے لیے کہیں۔
- اہم نکات بورڈ پر لکھتے جائیں اور آخر میں جملوں کی کانٹ چھانٹ کر کے اہم نکات کی بلند خوانی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر درست مرکزی خیال سنانے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بورڈ پر ایک سادہ جملہ لکھیں اور دوسری طرف ایک مرکب جملہ لکھیں۔
- بچوں کی دونوں جملوں سے خواندگی کروائیں اور ان میں فرق پوچھیں۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب انھیں سادہ اور مرکب جملوں میں فرق سمجھائیں۔

**سادہ جملہ:**

وہ اسکول نہ گیا۔

وہ بیمار تھا۔

- بچوں کو بتائیں سادہ جملہ وہ ہوتا ہے جس میں ایک فعل استعمال ہو۔

**مرکب جملہ:**

وہ اسکول نہ گیا کیونکہ وہ بیمار تھا۔

- جبکہ مرکب جملہ وہ ہوتا ہے جو دو یا دو سے زیادہ سادہ جملوں کو ایک حرف سے ملا کر بنایا جائے۔
- مرکب جملہ بنانے کے لیے جب کہ، چوں کہ، لیکن، یا، مگر، جو، پھر، پر، کہ وغیرہ استعمال کیے جاتے ہیں۔
- بچوں کو مرکب جملے لکھنے کی مشق کروائیں۔

| |
|---|
| • بچوں کے دو گروہ بنائیں۔<br>• دونوں گروہوں کو سوال نمبر 9 میں دیے گئے تین، تین جملوں کے کارڈ دیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ باہمی مشاورت سے ان جملوں کو مرکب جملوں میں تبدیل کریں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں کے لیڈرز کو بلائیں اور انھیں اپنے لکھے جملے جماعت کے سامنے سنانے کے لیے کہیں۔<br>• درست جملے بنانے والے گروہ کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔ اغلاط کی نشان دہی کریں۔<br>• بعدازاں بورڈ پر خود ان جملوں کے مرکب جملے بنائیں اور بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان جملوں کو کاپی پر اتاریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) چند سادہ جملے بورڈ پر لکھیں۔ جماعت سے متفرق بچوں کو بلا کر انھیں سادہ جملوں کو مرکب جملوں میں تبدیل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (5 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

| | | |
|---|---|---|
| مجھے اس کی بات کا یقین ہے۔ | وہ سچا ہے۔ | ______________ |
| وہ حق پر ہے۔ | اس لیے میں اس کا ساتھ دوں گا۔ | ______________ |
| امجد اسکول نہ گیا۔ | امجد بیمار تھا۔ | ______________ |
| اس نے محنت کی | وہ امتحان میں پاس ہو گیا۔ | ______________ |
| ہم ارکانِ اسلام کو پوری طرح ادا کرتے ہیں۔ | ہم مسلمان ہیں۔ | ______________ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم | |

**مقاصد**: اشعار کا مفہوم لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ الفاظ پر مشتمل پرچیاں، ٹوکری، 1تا7 نمبروں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے بچوں کی جوڑیاں بنائیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک کالم میں "سادہ جملے" جبکہ دوسرے کالم میں "مرکب جملے" کی سرخی لکھیں۔
- بچوں کی جوڑیوں کو بورڈ پر بلائیں۔
- ان میں سے ایک کو سادہ جملہ لکھنے کے لیے کہیں جبکہ دوسرا اسی سادہ جملے کو مرکب جملے میں تبدیل کر کے لکھے گا۔
- درست جملے بنانے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- غلطی کی صورت میں اگلی جوڑی کو بورڈ پر آنے کا موقع دیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر سب بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- اب پرچیوں پر 1تا7 نمبر لکھیں اور ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- بچوں کے 7 گروہ بنائیں اور انھیں باری باری ہر ٹوکری میں ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں کو کہیں ان کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی وہ نعت کے اس نمبر شعر کا مفہوم لکھیں گے۔
- بچوں سے کہیں مل کر شعر کا مفہوم لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد باری باری ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور اس سے لکھا ہوا مفہوم سنیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر ایک شعر لکھ کر اس کا مفہوم لکھیں۔
- بچوں سے اس کی بلند خوانی کروائیں۔ اور انھیں ہدایت دیں کہ سوال نمبر 10 میں دیے گئے اشعار کا مفہوم لکھیں۔
- کمرا جماعت میں گھوم کر دیکھیں اور جہاں بچوں کو رہ نمائی کی ضرورت ہو انھیں فراہم کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصر اً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر مختلف اشعار لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کا مفہوم لکھوائیں۔ درست لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی جبکہ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

عرب، جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا
پلٹ دی بس اک آن میں اس کی کایا

رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا
ادھر سے اُدھر پھر گیا رخ ہوا کا

**مفہوم**

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** دیے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کنڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ سوالات پر مبنی پرچیاں، گھنٹی، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے ساتھ ایک ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- نعت سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کرلیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنائیں۔ اور ہر گروہ کو ایک ایک گھنٹی دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔
- جو گروہ پہلے گھنٹی بجائے گا اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے تین نمبر ہیں جو اس گروہ کو دیے جائیں گے۔
- غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بورڈ پر لکھیں۔ ”ہم حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے اپنی محبت کا اظہار کیسے کر سکتے ہیں؟
- بچوں کو ذہنی طور پر تیار کریں۔
- انھیں بتائیں کسی موضوع پر لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس موضوع کے بارے میں بنیادی اور اہم باتیں جانتے ہوں۔
- آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ موجود ہوں اور آپ جملوں میں ربط اور دل چسپی کا عنصر قائم رکھ سکتے ہوں۔
- بچوں سے پہلے موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- ان سے پوچھیں کہ وہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے اپنی محبت کا اظہار کیسے کرتے ہیں۔
- انھیں بتائیں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:
- ترجمہ: ”جس نے رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کی گویا اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ (سورۃ النساء)
- یعنی آپ کی سیرت پر عمل کرنا ہی دراصل آپ سے محبت کا اظہار ہے۔

- بچوں کو بتائیں مسلمان ہونے کے ناطے اللہ تعالیٰ اور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ پر ہمارا ایمان ہے لیکن اگر ایمان کے ساتھ محبت نہ ہو تو ایمان سچا نہیں ہے وہ اطاعت جو محبت کے ساتھ کی جائے اس سے ایمان ثابت ہوتا ہے آپ سے محبت کا اظہار زبانی یا ظاہری نہیں بلکہ آپ کی سیرت کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالنے سے ثابت ہو گا۔
- نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد پاک ہے:
- "تم اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک میں تمہیں تمہارے اہل و عیال اور ان سب چیزوں سے بڑھ کر نہ ہو جاؤں جن سے تم محبت رکھتے ہو۔"
- یہی وہ ایمان ہے کہ جس کی بنیاد پر قیامت کے دن ہمارا فیصلہ ہو گا۔
- ان نکات کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے الفاظ میں ربط کے ساتھ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت کے اظہار کے طریقے پر دس جملے تحریر کریں۔
- اس کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو بورڈ پر بلا کر ان سے ان کے لکھے جملے سنیں۔
- انفرادی طور پر بھی بچوں کے لکھے جملے چیک کریں غلطیوں کی نشاندہی کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں سے آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی نعت میں بیان کی گئی خوبیوں پر پانچ جملے تحریر کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

"نظم نعت میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی کن کن خوبیوں کا ذکر کیا گیا ہے"؟

جواب:

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ | |

**مقاصد:** دیے گئے موضوع پر مافی الضمیر ربط، ترتیب اور درست لب و لہجے سے تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی:

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- لائبریری سے **رحمت اللعالمین** خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ کے موضوع پر چند کتابیں لائیں۔
- بچوں کو گروہوں میں بٹھائیں۔
- ہر گروہ کو ایک، ایک کتاب مہیا کریں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ رحمت عالم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ کے موضوع کے حوالے سے ان کتابوں سے مواد لے کر تقریر تیار کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں تقریر کے مختلف مقاصد اور مواقع ہوتے ہیں۔
- ایک اچھا مقرر نہ صرف معاشرتی بلکہ عملی زندگی میں بھی کامیابیوں سے ہمکنار ہوتا ہے۔
- تقریر کو موئثر انداز میں لکھنے کے لیے عام سننے والے کے علم کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے۔
- تقریر کسی متعین کردہ موضوع پر کی جاتی ہے۔
- ایک اچھی تقریر کی موضوع کے تعارف سے ابتدا کی جاتی ہے۔
- پھر موضوع سے متعلق اعداد و شمار اور حقائق پیش کیے جاتے ہیں۔
- اس کے علاوہ مشہور اشعار اور عام زندگی کی مثالیں بھی دی جاتی ہیں تا کہ تقریر کو زیادہ موئثر اور بھرپور بنایا جا سکے۔
- تقریر میں استعمال ہونے والے الفاظ عام فہم اور بامعنی ہونے چاہییں۔
- درج بالا ہدایات دینے کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد انھیں جماعت میں تقریر پیش کرنے کے لیے کہیں۔
- تقریر کے آغاز، عروج اور اختتام کا دھیان رکھیں۔
- تقاریر تیار کرنے کے بعد جماعت میں ایک تقریب کا اہتمام کریں اور بچوں کی تیار کردہ تقاریر پیش کروائیں۔ مقابلے میں جیتنے والوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (۳ منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (۵ منٹ) سوال نمبر 13 کے لیے اخبارات اور رسائل ایک دن پہلے منگوائیں یا لائبریری سے حاصل کریں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں اپنی پسندیدہ تحریریں الگ کر کے ساتھیوں کو سنائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (۲ منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |